28 ستمبر 2025ء

پریس ریلیز

ڈجیٹل فنڈز ٹرانسفر میں 2 گھنٹے کے کولنگ پیریڈ (cooling period) کے بارے میں وضاحت

ڈجیٹل فنڈز ٹرانسفر کے لیے دو (2) گھنٹے کے کولنگ پیریڈ کے حوالے سے سوشل میڈیا پر ایک خبر زیرِ گردش ہے۔ اس حوالے سے وضاحت کی جاتی ہے کہ تمام ڈجیٹل فنڈز ٹرانسفر ریئل ٹائم (بروقت) بنیاد پر ہوتے ہیں اور رقوم وصول کنندگان کے اکاؤنٹس میں تقریباً فوراً منتقل ہو جاتی ہیں۔ دو (2) گھنٹے کے کولنگ پیریڈ کا اطلاق صرف برانچ لیس بینکنگ والٹس / اکاؤنٹس میں وصول ہونے والی رقوم کے استعمال یا رقم کے اخراج پر ہوتا ہے۔ اگرچہ برانچ لیس بینکنگ والٹس / اکاؤنٹس میں رقوم فوراً منتقل ہو جاتی ہیں، تاہم ان رقوم کا اخراج یا ان سے آن لائن خریداری یا موبائل ٹاپ اپس صرف دو (2) گھنٹے کے کولنگ پیریڈ کے بعد ہی ممکن ہو سکتی ہیں۔ یہ شرط اپریل 2023ء میں متعارف کرائی گئی تھی کیونکہ برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹس کے لیے صارف کی ضروری مستعدی (customer due diligence) کے تقاضے نسبتاً سادہ ہیں اور اس لیے ان میں دھوکا دہی پر مبنی لین دین کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ 2 گھنٹے کے کولنگ پیریڈ سے صارفین کو یہ سہولت حاصل ہوتی ہے کہ وہ اپنے بینک کو کسی بھی مشکوک یا جعلی لین دین کی بروقت اطلاع دے سکیں۔

گذشتہ ڈھائی سال سے جاری کردہ کولنگ پیریڈ کی یہ ہدایات مؤثر طور پر کام کر رہی ہیں اور دھوکا دہی پر مبنی لین دین کے خلاف ایک مضبوط حفاظتی اقدام ثابت ہوئی ہیں۔

*****